ہنگامی بُلاہٹ

خُداوند خُدا کے ساتھ شخصی رفاقت کے سفر کی جانب

An Urgent Call
To A Journey Of
Personal Intimacy
With God

The Only Solution
To Our Problems

ہمارے مسائل کا واحد حل

AUTHOR: Moses C. Onwubiko

Translator: Pastor Shafiq Yaqoob

(M.Div. M.A English, Dip TEFL)

ہنگامی بُلاہٹ، خُدا کے ساتھ شخصی رفاقت کے سفر کی جانب

امثال 23:23 آیت

"سچّائی کو مول لے اور اُسے بیچ نہ ڈال حِکمت اور تربِیّت اور فہم کو بھی۔"

درحقیقت، سچائی کا ملنا بہت مشکل کام ہے (لیکن سچائی بائبل کا مرکزی درس ہے)؛ اس لیے جب خدا اپنی لافانی رحمت سے آپکو سچائی کی جانب لے آئے، تو آپکو چاہیے کہ اسے مضبوطی سے اپنی زندگی کا حصہ بنائے رکھیں تا کہ زندگی، خوشی اور مستقبل اور ابدی زندگی کی برکتوں سے لطف اندوز ہو سکیں۔

مالیاتی پالیسی

— جیسا کی مشہور مبلغ Hudson Taylor کا ایمان ہے کہ God’s work done in God’s way will never lack God’s supply» —”

جسکا مطلب ہے " خُدا کا کام اگر خُدا کی مرضی کے مطابق کیا جائے تو خُدا مہیا کرنے کا کام کبھی بند نہیں کرتا۔" یہی وجہ ہے کہ ہمیں فنڈز مانگنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی، بلکہ ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ خدا اپنے محبت کرنے والے لوگوں کے دلوں کو تحریک بخشے گا تاکہ وہ خُدا کے کام کو

بڑھانے میں معاونت فراہم کریں۔ یہ ایک ایسی خدمت ہے جسکا انحصار خُدا کے فضل پر ہے۔

اگر خُداوند خُدا آپکو تحریک بخشتا ہے تو آپ کو یہ سعادت حاصل ہے کہ ہمارے ساتھ مل کر دنیا بھر میں کھوئے ہوئے اور محتاج لوگوں تک پہنچنے میں اِس خدمت میں شراکت دار بنیں۔

گریس اوینجلیسٹک منسٹریز Grace Evangelistic Ministries

ایک رجسٹرڈ منسٹری ہے۔ جی ای ایم ایک غیر منافع بخش (نان پرافٹ) رجسٹرڈ منسٹری ہے۔ خدمت میں ملنے والے تمام تر ہدیاجات کی ادائیگی قانون کے تحت لاگو کردہ ٹیکس کے مطابق ادا کئے جاتے ہیں۔

"ہزار میل کا سفر پہلے قدم سے شروع ہوتا ہے۔
قدیم چینی کہاوت ـــ

مسیح میں میرے پیارے عزیزو، یہ کتاب اِس لیے تحریر کی گئی ہے کہ آپ کو اِس بات کی طرف متوجہ کیا جائے کہ آپ آج کل کے سنجیدہ حالات میں خُدا کے ساتھ ذاتی قربت کے سفر کا آغاز کریں۔ کیا آپ آج اس ہنگامی بُلاہٹ کا فوری جواب دیں گے؟

یہ محض کوئی حادثہ نہیں کہ آپ اِس کتاب کے پیغام کو سُن رہے ہیں۔ خُدا نے خود آپکے لیے اِس پیغام کو مہیا کیا ہے۔ خُدا نے آپ کو زمین پر زندہ رکھا ہے تاکہ آپ روحانی بیداری یا عظیم روحانی تازگی کا وسیلہ بنیں، تاکہ اِس کے وسیلہ سے آپ کے

خاندان اور آپ کی قوم کے لیے غیر معمولی برکتیں نازل ہوں۔ یہ کوئی حادثہ نہیں ہے کہ آپ آج ایسے وقت میں جہاں آپ موجود ہیں، وہاں خُدا کے منصوبے میں اچانک ہونے والی تبدیلیوں کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

خُدا کے فرزند ہوتے ہُوئے ہمیں خُدا کی طرف سے قدرت حاصل ہے کہ ہم اپنے ملک اور پوری دنیا کے حالات کو تبدیل کر سکیں۔ صرف بارہ شاگردوں کے وسیلہ سے سادی دنیا تبدیل ہو گئی ہے، (1 تھسلنیکیوں 1: 7 آیت)۔ مسیحی نسلوں نے بھی ہر زمانہ میں دنیا کو بدل کر رکھ دیا۔

ہم آج خُدا کی راستبازی کے ساتھ خود کو ہم آہنگ کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ وہ ہمارے زمانے میں بھی عظیم اور حیرت انگیز کام کرتا ہے۔

فردِ واحد کی طاقت

یاد کریں کہ ایک انسان کی وجہ سے گناہ دنیا میں آیا (رومیوں 5: 12 آیت)۔ کیا آپ کو یاد ہے کہ خُدا کے بندے ابراہام کے وسیلہ سے، جو "خُدا کا رفیق" کہلاتا ہے، اُس کے سبب سے خُداوند خُدا کی برکات پُوری دنیا میں نازل ہونا شُروع ہو گئیں۔ (پیدائش 12: 3 آیت) اور ایک ہی آدمی کے وسیلہ سے، موسیٰ کے ذریعے اسرائیل کو نجات حاصل ہوئی۔ اسی طرح ایک شخص کے بُرے عمل کے سبب سے پوری قوم، یعنی اسرائیل، کو فوجی شکست سے دوچار ہونا پڑا، جب عکن کے لالچ کے باعث اسرائیل پر عدالت آئی (یشوع 7:1–26 آیت)۔

اگر ہم یہ سوچتے ہیں کہ ہماری روحانی زندگی انسانی تاریخ کے اوراک میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی، تو ہم تکبر اور خود فریبی کے سمندر میں تیر رہے ہیں۔ ہم زمین پر جہنم جیسی حالت سے دو چار ہیں کیونکہ ہم خُدا سے دُور جا چکے ہیں۔ ہمارے ہونٹ تو خُدا کی ستائش کرتے ہیں، مگر ہمارے دل اُس سے دُور ہیں۔ ہم بلاناغہ چرچ تو جاتے ہیں، لیکن زندگی بے ایمانوں کی مانند گزارتے ہیں۔ اپنے انصاف میں، خُدا ہمیں ہر طرح کی مصیبتوں میں سے گُزار رہا ہے، مہنگائی بڑھتی جا رہی ہے، معاشی جمود ہے، سیاسی بے چینی اور اسی طرح بہت کچھ ہو رہا ہے۔

کیا آپ اپنے ملک کے لیے خُدا کی اُمڈتی ہوئی برکتوں کو روک رہے ہیں؟ کسی غلط فہمی نہ رہیں، ہو سکتا ہے کہ آپ بھی موجودہ عالمی سیاسی، ہنگامی حالات، معاشی خرابی اور اس کے نتیجے میں آنے والی بے شمار پریشانیوں میں شراکت دار ہوں۔

خُداوند کا کلام مجھ پر نازل ہوا، "اور خُداوند کا کلام مُجھ پر نازِل ہُؤا۔ کہ اَے آدَم زاد جب کوئی مُلک سخت خطا کر کے میرا گُنہگار ہو اور مَیں اپنا ہاتھ اُس پر چلاؤُں اور اُس کی روٹی کا عصا توڑ ڈالُوں اور اُس میں قحط بھیجُوں اور اُس کے اِنسان اور حَیوان کو ہلاک کرُوں۔ تو اگرچہ یہ تِین شخص نُوَح اور دانی ایل اور ایُّو ب اُس میں مَوجُود ہوں تَو بھی خُداوند خُدا فرماتا ہے کہ وہ اپنی صداقت سے فقط اپنی ہی جان بچائیں گے۔" (حِزقی ایل 14:12-14 آیات)۔

فریسیوں کی مانند کسی اونچے چبوترے پر کھڑے ہو کر یہ کہنا آسان ہے، "فریسی کھڑا ہو کر اپنے جی میں یُوں دُعا کرنے لگا کہ اَے خُدا! مَیں تیرا شُکر کرتا ہُوں کہ باقی آدمِیوں کی طرح ظالِم بے اِنصاف زِناکار یا اِس محصُول لینے والے کی مانِند نہیں ہُوں۔ لُوقا 18:9-14 آیات

انفرادی انسان کی وجہ سے (نیم گرم ایمانداروں کے سبب) اِس لِئے نہ آسمان سے اوس گِرتی ہے اور نہ زمِین اپنا حاصِل دیتی ہے (یعنی معاشی بدحالی)۔ حجَّی 1:10 آیت۔

آپکو اِس الزام پر جذباتی ہونے کی ضرورت نہیں۔ اپنی روحانی زندگی پر سنجیدگی سے نظر ڈالیں اور یہ جانچیں کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ ہی کی وجہ سے آسمان غصہ سے لرزتا اور گرجتا ہے۔

میں حیران ہوتا ہُوں جب مسیحی قومی مسائل کا الزام سیاست دانوں اور حکومت پر ڈالتے ہیں۔ مسیح پر ایمان رکھنے والے کے طور، پر آپ نور ہیں (متی 5 :14 آیت)؛ حکومت نہیں۔ آپ برکت

کا وسیلہ ہیں؛ حکومت نہیں۔ راست بازوں کی دُعا سے شہر سرفرازی پاتا ہے۔ امثال 11:11 آیت۔"

کیا آپ کا مستقبل منجمد محسوس ہوتا ہے، جیسے آگے بڑھنے کا کوئی راستہ نہ ہو اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کچھ بھی کام نہیں کر رہا ؟ زرا رکیے اور اس سوال کا جواب دیں: کیا آپ خُدا کے کلام کو تواتر سے سیکھ رہے ہیں اور اس پر عمل کر رہے ہیں؟ اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے، تو پھر بند دروازے کے پیچھے خُدا ہی ہے۔ وہ آپ کو برکتوں کی بارش کے لیے تیار کر رہا ہے۔

اَے میرے بھائِیو! جب تُم طرح طرح کی آزمایشوں میں پڑو۔ تو اِس کو یہ جان کر کمال خُوشی کی بات سمجھنا کہ تُمہارے اِیمان کی آزمایش صبر پَیدا کرتی ہے۔ اور صبر کو اپنا پُورا کام کرنے دو تاکہ تُم پُورے اور کامِل ہو جاؤ اور تُم میں کِسی بات کی کمی نہ رہے۔

"مُبارک وہ شخص ہے جو آزمایش کی برداشت کرتا ہے کیونکہ جب مقبُول ٹھہرا تو زِندگی کا وہ تاج حاصِل کرے گا جِس کا خُداوند نے اپنے مُحبّت کرنے والوں سے وعدہ کِیا ہے۔" یعقُوَب 2:1-4, 12 آیات

لیکن اگر آپکا جواب "نہیں" ہے، تو خدا کی طرف واپس آ کر اپنا دروازہ کھولو۔ اگر آپ ایک ایماندار ہونے کے باوجود خُدا کے کلام کو سیکھ نہیں رہے اور خُدا کے کلام کو اپنی زندگی پر لاگو نہیں کر رہے، تو آپ خُود ہی ہیں جس نے اپنے آپ کو بندِ سلاسل کر رکھا ہے۔ خُداوند خُدا کو، یا ابلیس کو، یا حکومت کو، یا حتیٰ کہ اپنے حالات کو الزام نہ دو۔

ہم یہاں تک کیسے پہنچے؟

اس اہم سوال کا جواب دینے کے لیے، پُرانے عہد نامہ میں سے بنی اسرائیل سے نمونہ حاصل کرتے ہیں، وہ شدید مصیبتوں سے گزرے۔ وہ اسی طرح کیوں دکھ اٹھاتے رہے جیسے آج ہم دکھ اٹھا رہے ہیں؟

* انہوں نے بائبل مقُدس کی سچی اور ابدی تعلیم کو ترک کر دیا تھا۔ اب بڑی مُدّت سے بنی اِسرائیل بغَیر سچّے خُدا اور بغَیر سِکھانے والے کاہِن اور بغَیر شرِیعت کے رہے ہیں۔ 2 تواریخ 15: 3 آیت۔

* خُدا نےبدلےمیں ہر جگہ جھگڑے فساد اور آفات بھیجیں۔

"کیا یہ مُمکِن ہے کہ شہر میں نرسِنگا پُھونکا جائے اور لوگ نہ کانپیں۔ یا کوئی بلا شہر پر آئے اور خُداوند نے اُسے نہ بھیجا ہو؟۔ عامُوس 6:3 آیت۔

* اُن کے لیے نہ امن تھا اور نہ ہی اُن کی جانوں کو آرام ملا

(2 تواریخ 15: 5 آیت)۔

* خدا نے اُنہیں ہر طرح کی مصیبت میں مبتلا کر دیا (آیت 6)۔

حل

پر جب وہ اپنے دُکھ میں خُداوند اِسرّائیل کے خُدا کی طرف پِھر کر اُس کے طالِب ہُوئے تو وہ اُن کو مِل گیا۔ 2 تواریخ 4:15 آیت)

آئیے ہم بنی اسرائیل سے سبق حاصل کریں اور اب جبکہ ہم زندہ ہیں اور ہمارے پاس وقت میسر ہے تو ہم خدا کی طرف رجوع کریں۔ ہمارا خدا نہایت رحم کرنے والا خدا ہے۔

"بدکار اپنی راہ چھوڑ دے شرِیر اپنی راہ کو ترک کرے

اور بدکردار اپنے خیالوں کو

اور وہ خُداوند کی طرف پِھرے

اور وہ اُس پر رحم کرے گا اور ہمارے خُدا کی

طرف کیونکہ وہ کثرت سے مُعاف کرے گا۔"

یسعیاہ 7:55 آیت

"پس جِس طرح کہ رُوحُ القُدس فرماتا ہے

اگر آج تُم اُس کی آواز سُنو۔

تو اپنے دِلوں کو سخت نہ کرو جِس طرح غُصّہ دِلانے کے وقت

آزمایش کے دِن

جنگل میں کِیا تھا۔

عِبرانیوں 7:3-8 آیت

"وہ حلِیموں کو اِنصاف کی ہِدایت کرے گا۔

ہاں وہ حلِیموں کو اپنی راہ بتائے گا۔"

زبُو ر 9:25 آیت

"اب وہ جان گئے کہ جو کُچھ تُو نے مُجھے دِیا ہے وہ سب تیری ہی طرف سے ہے۔"

یُوحنّا 7:17 آیت

خُداوند خُدا آپکی روحانی زندگی میں ضروری تبدیلیوں کہ لیے آپکو قُوت دے گا اگر آپ کے اندر شوق اور لگن ہو تو خدا آپ کی روحانی زندگی بدل دے گا۔

"مُبارک ہیں وہ جو راستبازی کے بُھوکے اور پِیاسے ہیں

کیونکہ وہ آسُودہ ہوں گے۔"

متّی 6:5 آیت

خوشخبری یہ ہے

خوشخبری یہ ہے کہ خدا نے اپنی لامحدود حکمت میں
انسان کو ایک روشن مستقبل کا دروازہ کھولنے کی کنجی عطا کی
ہے۔ اس کنجی کو استعمال کرنے کی ذمہ داری آپ پر ہے۔
یاد رکھیں، کنجی آپ کے پاس ہے۔آپ اپنی زندگی پر نظر ڈال
سکتے ہیں اور وہی کر سکتے ہیں جو مسرف بیٹے نے کیا تھا۔
دروازہ کو کھولیں اور خدا کے ساتھ قربت کے سفر کا آغاز کریں۔

"پھراُس نے ہوش میں آ کر کہا میرے باپ کے بُہت سے
مزدُوروں کو اِفراط سے روٹی مِلتی ہے اور مَیں یہاں بُھوکا مَر
رہا ہُوں!۔ مَیں اُٹھ کر اپنے باپ کے پاس جاؤں گا اور اُس سے
کہُوں گا اَے باپ! مَیں آسمان کا اور تیری نظر میں گُنہگار ہُؤا۔"

لُوقا 15:17-18 آیت ۔

آپ اُن لوگوں میں شامل ہو سکتے ہیں جنہیں خدا
ہمارے زمانے میں بیداری کی تحریک دینے کے لیے آگ کے
شعلہ کے طور پر استعمال کرے گا۔ اپنے خُدا باپ کی طرف آگے
بڑھیں، کیونکہ خُداوند خُدا آپ کے ساتھ قریبی رفاقت رکھنے کے
لیے آپکا شدت سے منتظر ہے۔ ہمارا مستقبل زندہ خُداوند خُدا کے
ہاتھ میں ہے۔ خُداوند خُدا نے ہمیں اپنی اِس دنیا کو تبدیل کرنے اور
موثر بنانے کے لیے سبز جھنڈی دے دی ہے۔

روحُ القدس اور خُدا کا کلام ہمارے پاس موجود ہیں جنکی بدولت خُداوند خُدا ہمیں قوت بخشتے ہیں۔

اب ایک بڑا قدم اٹھائیں اور قادرِ مطلق خُدا باپ سے کہیں کہ وہ اپنا ہاتھ بڑھائے اور کثرت سے برکت دے۔ کیسے؟ خُداوند خُدا کے ساتھ گہرا اور قریبی تعلق قائم کر کے۔ خدا کے ساتھ قربت کے سفر کا آغاز کرنے کے لیے صرف ذاتی فیصلہ کر نے کی ضرورت درکار ہوتی ہے، نہ زیادہ نہ کم، تاکہ موجودہ زمانے میں ایک عظیم بیداری واقع ہو۔

زرا رکیے!
ابھی فیصلہ کریں۔

کیا آپ حقیقی بیداری، بحالی اور برکات کی راہوں پر چلیں گے؟

راستہ نمبر 1 — خود کو اوّل رکھنا

یہ نہایت اہم ہے کہ آپ وہی کریں جو مسرف بیٹے نے کیا تھا۔ اُس نے روحانی قید کو محسوس کیا۔ آپ بھی اس کی مانند بن سکتے ہیں، قدم بڑھائیں اور دھوکے کے قید خانے سے باہر نکلیں، استحصال اور فریب کے قید خانے سے، اقتدار کی ہوس کے قید خانے سے، لوگوں کی تعریف و منظوری کی ہوس کے قید خانے سے، خودغرضی اور خود راستبازی کے قید خانے سے، دولت کی محبت کے قید خانے سے، روحانی نیم گرمی کے قید خانے

سے، اور ہر قسم کی بُری خواہشات کے قید خانے سے باہر نکل سکتے ہیں۔

خُدا کے بندہ عزرا نے زاتی طور پر اپنا دل اِس بات پر لگا لیا تھا کہ وہ خداوند کی شریعت کا مطالعہ کرے، اورخُدا کی شریعت پر عمل کرے، اور اسرائیل میں خُدا کی شریعت اور احکام کی تعلیم دے۔

"اِس لِئے کہ عزرّا آمادہ ہو گیا تھا کہ خُداوند کی شرِیعت کا طالِب ہو اور اُس پر عمل کرے اور اِسرّائیل میں آئِین اور اَحکام کی تعلِیم دے۔ عزرا 7: 10 آیت۔"

خُدا کا بنداہ سچائی کا مُتلاشی ہُوا۔ اُس نے سچائی کے مطابق زندگی گزاری۔ اُس نے دوسروں کو سچائی کی تعلیم دی۔

آج ہم بھی اُنہی کی مانند عمل کر سکتے ہیں جو بنی اسرائیل نے ماضی میں مشکلات کے وقت کیا—خُداوند خُدا کی طرف رجوع لانا۔

1۔ خود کی جانچ پڑتال کرنا (Self-examination)
اپنے آپ کو جانچیں کہ آپ نے کہاں گُناہ کیا ہے۔ "پس خیال کر کہ تُو کہاں سے گِرا ہے اور تَوبہ کر کے پہلے کی طرح کام کر اور اگر تُو تَوبہ نہ کرے گا تو مَیں تیرے پاس آ کر تیرے چراغ دان کو اُس کی جگہ سے ہٹا دُوں گا۔" مکاشفہ 2: 5 آیت۔ آپ اِس آیت کو اپنی زندگی میں عمل پیرا کریں جیسا کہ پہلا یوحنا باب نمبر 1 اور آیت نمبر 9 میں مرقوم ہے، "پس خیال کر کہ تُو کہاں سے

گِرا ہے اور تَوبہ کر کے پہلے کی طرح کام کر اور اگر تُو تَوبہ نہ کرے گا تو مَیں تیرے پاس آ کر تیرے چراغ دان کو اُس کی جگہ سے ہٹا دُوں گا۔

2۔ خُداوند خُدا کے کلام کے چشمے کی طرف جائیں اور تازہ تازہ پیئیں۔

خُداند کا شاگرد یعقوب کہتا ہے کہ اگر آپ صرف صحیح تعلیمات کا مطالعہ کریں لیکن اپنی زندگی میں کبھی عمل نہ کریں تو آپ خود کو دھوکہ دینے والا سمجھیں، "لیکن کلام پر عمل کرنے والے بنو نہ محض سُننے والے جو اپنے آپ کو دھوکا دیتے ہیں۔

یعقُوّب 22:1 آیت۔ خُداوند یُسوع مسیح کے شاگرد یعقُوب نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ اگر آپ صرف کلامِ مقُدس کا علم جمع کرتے رہیں اور کبھی عمل نہ کریں تو آپ کی زندگی میں کبھی خوشحالی نہیں ہوگی، "لیکن کلام پر عمل کرنے والے بنو نہ محض سُننے والے جو اپنے آپ کو دھوکا دیتے ہیں۔"

یعقُوّب 22:1- 25 آیات۔

راستہ نمبر 2 - وسیع پیمانے پر خُدا کے کلام کا پرچار

(Massive Evangelism)

"سو اُنہوں نے خُداوند کی شرِیعت کی کِتاب ساتھ رکھ کر یہُودّا ہ کو تعلِیم دی اور وہ یہُودّا ہ کے سب شہروں میں گئے اور لوگوں کو تعلِیم دی۔" 2 تواریخ 9: 17 آیت۔

نتیجہ بہت حیران کُن اور فوری تھا:

"اور خُداوند کا خَوف یہُودّا ہ کے گِرداگِرد کے مُمالِک کی سب سلطنتوں پر چھا گیا یہاں تک کہ اُنہوں نے یہُوسفط سے کبھی جنگ نہ کی۔" 2 تواریخ 17: 10 آیت۔

اس کے علاوہ، خدا نے اُنہیں کثرت سے برکت دی۔ "اور بعض فِلستی یہُوسفط کے پاس ہدئے اور خِراج میں چاندی لائے اور عرب کے لوگ بھی اُس کے پاس ریوڑ لائے یعنی سات ہزار سات سَو مینڈھے اور سات ہزار سات سَو بکرے۔" 2 تواریخ 17: 11 آیت۔

قوم میں بائبل کی سچی تعلیمات کی بھرپور رسائی اور کلامِ مقُدس کی تعلیمات پر عمل کرنے سے بحالی اور برکتیں حاصل ہوتی ہیں۔

زندگی کی بحالی کے لیے کلامِ مقُدس کا مطالعہ کریں
نئے عہد نامے کے لیے تجویز کردہ مطالعہ

یوحنا کی انجیل کا دو یا تین مرتبہ مطالعہ کریں۔

یوحنا کا پہلا، دوسرا اور تیسرا خط (کم از کم تین بارپڑھیں)۔

افسیوں کا خط (تین مرتبہ پڑھیں)۔

متی کی انجیل (دو مرتبہ)

مرقس کی انجیل (دو مرتبہ)

لوقا کی انجیل (دو مرتبہ)

رسولوں کے اعمال (دو مرتبہ)۔

دوسرے خطوط کا مطالعہ اپنی مرضی کے مطابق کسی بھی ترتیب سے کریں۔

نئے عہد نامے کے مطالعے کے علاوہ، آپ جی ای ایم کی ویب سائٹس پر جا کر ہمارے مفت ای بُکس بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، جنہوں نے دنیا بھر میں بہت سے لوگوں کی مدد کی ہے۔ ہمارا مقصد صرف یہی ہے کہ دنیا کو بائبل مقُدس کی معیاری تعلیمات سے بھر دیں۔

اپنی بائبل مقُدس کھول کر، سنجیندگی سے دعا کے ساتھ ان کتابوں کو پڑھنا شروع کریں، ایک وقت پر صرف ایک کتاب کا مطالعہ

مکمل کریں۔ اگر آپ کے پاس اِن کتابوں کی ہارڈ کاپی موجود ہیں، تو اُنہیں پڑھیں اور دوسروں کے ساتھ شیر کریں۔

ہماری طرف سے تجویز کردہ ترتیب

1. Riding the Death Train
2. Biblical Doctrine of Salvation
3. God's Plan After Salvation
4. Overview of God's Grace
5. What Is The Spiritual Life?

باقی کُتب کا مطالعہ اپنی دلچسپی کے مطابق کریں۔ کوشش کریں کہ تمام کُتب پڑھ لیں۔ بعض لوگوں نے ان کتابوں کو بار ہا پڑھا ہے۔ کینیا کے ایک پادری جسکا نام جوزف ہے، اُس نے بتایا کہ انہوں نے کتاب

Joseph A Pillar of Grace دس مرتبہ پڑھی تھی۔

میری بیوی نے یہ کتاب جسکا نام ہے

Focus On Christian Marriage

بیس مرتبہ شروع سے آخر تک پڑھی ہے۔

اگر آپ کا مسئلہ ڈیٹا کی کمی ہے، اور آپ کے پاس اضافی کپڑے، جوتے (یا کوئی بھی چیز جو مالی قیمت رکھتی ہو) ہیں، تو اُن میں سے کچھ فروخت کریں اور ڈیٹا خریدیں۔ آپ کی یہ سرمایہ کاری آپ کو وقت آنے پر مزید کپڑے، جوتے وغیرہ خریدنے کے قابل بنائے گی۔ خُدا مہیا کرئے گا۔ آپ خُدا کا مذاق اُڑاتے ہیں، جب آپ کہتے ہیں کہ آپ کلام سے محبت کرتے ہیں، لیکن اِس کلام کو حاصل کرنے کے لیے قربانی دینے کو تیار نہیں ہیں۔ آپ کو یہ ثابت کرنا چاہیے کہ آپ حقیقی طور پر خُدا کے کلام سے محبت کرتے ہیں۔

آپ اس کے لیے کوئی بھی قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں۔ یہی مطلب ہے کہ آپ راستبازی کے لیے بیتاب ہیں۔

اب یہی صحیح وقت ہے کہ اپنی سوچ کو تبدیل کریں! اگر آپ خدا کے ساتھ کھیل کھیلنا جاری رکھتے ہیں تو خُدا کی برکات کی توقع نہیں کر سکتے ہیں۔

"اَے خُدا! تُو میرا خُدا ہے ۔ مَیں دِل سے تیرا

طالِب ہُوں گا۔

خُشک اور پیاسی زمِین میں جہاں پانی نہیں

میری جان تیری پِیاسی اور میرا جِسم تیرا

مُشتاق ہے۔ زبُو ر 1:63 آیت"

"جَیسے ہرنی پانی کے نالوں کو ترستی ہے

وَیسے ہی اَے خُدا! میری رُوح تیرے لِئے ترستی ہے۔"
زبُو ر 1:42 آیت۔

کیا آپ واقعی خُدا کے ساتھ قربت کے لیے بیتاب ہیں جو آپ کے مستقبل کا مالک ہے؟ نام نہاد مسیحی نبنے کا وقت اب ختم ہو گیا ہے۔ کلیسیا کے کھیل تماشے کا کام اب ختم ہونا چاہے۔ "جِس کے کان ہوں وہ سُنے کہ رُوح کلِیسیاؤں سے کیا فرماتا ہے۔" مُکاشفہ 22:3 آیت۔

حوصلہ افزائی کے لیے ہمارے پاس بھائیوں کی طرف سے گواہیاں ہیں جن کی زندگی خدا کے کلام کی حقیقت سے تبدیل ہو گیئں تھیں۔ انہوں نے اپنے لیے سچائی کو تلاش کرنے کا انتخاب کیا، جیسے خُدا کے بندہ عزرا نے کیا تھا۔ پہلی گواہی متحدہ عرب امارات سے ایک مخلص ایماندار کی طرف سے ہے اور دوسری گواہی یوگنڈا کے ایک پادری کی ہے۔

متحدہ عرب امارات سے موصول ہونے والا خط :
میں بس آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اُس شاندار کلامِ خدا کے لیے جو آپ نے متحدہ عرب امارات کے دورے پر ہم سے شیئر کیا تھا۔ کلامِ خُدا کے وسیلہ سے ہم سب نے واقعی بہت برکت پائی تھی۔ مجھے یہ بھی کہنا ضرور ہے کہ جس انداز سے آپ نے خُدا کے کلام کی وضاحت کی، واقعی قابلِ تعریف ہے اور

پہلی بار میں نے اپنی زندگی میں ایک لمحے کے لیے بھی اپنی توجہ کو کسی دوسری طرف مرکوز ہوتے ہُوئے نہیں دیکھا تھا، یہاں تک کہ ایک لمحے کے لیے بھی نہیں، پورے تدریسی سیشن کے دوران میں کلامِ خُدا کو شدید توجہ سے سُن رہا تھا۔

سچ کہوں تو، میں واقعی نہیں چاہتا تھا کہ آپ خُدا کا کلام سُنانا بند کریں کیونکہ کلام اتنا گہرا تھا کہ بہت سی باتیں میں پہلی بار سُن رہا تھا۔ کیونکہ ہمیں سکھایا گیا تھا کہ اپنی نجات پانے کے لیے خُود آخر تک کوشش کرنا پڑھتی ہے، تصویر کشی اِس انداز سے کی جاتی تھی کہ نجات حاصل کرنا بہت مشکل کام ہے۔ لیکن جب آپ نے بتایا کہ نجات مفت ہے اور ہمیں اس کے لیے محنت کرنا نہیں پڑتی، تو میں نے کہا، "واہ! کیا بات ہے!! میرا مطلب ہے، نجات کی پوری تصویر بالکل واضح ہو گئی اور مجھے یہ بہتر طور پر سمجھ آیا کہ نجات واقعی کیا معنی رکھتی ہے۔

آپ کا بہت بہت شکریہ

متحدہ عرب امارات سے S.A.

یوگنڈا سے موصول ہونے والا خط

سر، میں چاہتا ہوں کہ آپ جانیں کہ دو بار میں نے آپ کی تعلیماتی منسٹری کے تحت تعلیم حاصل کیں ہیں، مُجھے اپنی زندگی کے بارے میں ہر بار سوچنے کے لیے تحریک ملی ہے کہ میں ایک مسیحی کی حیثیت سے مسیح کے ساتھ اپنی زندگی کیسے گُزار رہا ہُوں اور کلامِ مقُدس کے خادم ہونے کے ناتے میں کس انداز سے زندگی گُزار ہا ہُوں، خاص طور پر چرچ کے ایک خادم کے طور پرکس طرح زندگی گُزار رہا تھا۔ مُجھے ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے میں ایک تالاب کی مانند تھا جو پیندے سے تو ساکن تھا لیکن اوپر سے بہتا ہوا دکھائی دیتا تھا، اور ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے اِس میں ایک بڑا پتھر گرا دیا گیا ہواور نیچے جو کچھ بھی پھنس گیا تھا وہ اوپر آیا ہے اور نظر آنے کے لیے تیرنے لگا ہے۔

اب میری زندگی سوالات سے بھری ہوئی ہے، جو مجھے تحریک دیتی ہیں کہ میں آپ کی کتابیں صفحہ بہ صفحہ پڑھوں تاکہ سوالات کا جوابات تلاش کروں۔ خُدا کا شکر ہے کہ میرے بہت سے سوالات کے جوابات مل رہے ہیں اور آپ کے شاندار کام کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اِسکے باوجود بھی، میں اپنی روُح میں یہ زبردست خواہش رکھتا ہوں کہ میں اپنے فل ٹائم خدمتی عہدے سے ہٹ کر اور زیادہ وقت خدا کے کلام کے مطالعے میں گزاروں۔ مجھے یقیناً بہت پُر اعتماد اور فکرمند ہونا ضروری ہے کہ میں درست کام کر رہا ہوں، اس سے پہلے کہ میں اپنی زندگی کی ناو کو تباہی کے جانب لے جاوں جو بے پھل انتہا پسندی کی طرف جائےگی۔"

خُدا کی خدمت میں آپکا بھائی، پاسٹر ٹی۔ اے۔، یوگنڈا سے۔

خُداوند خُدا نے یوگنڈا کے اِس پاسٹر کی زندگی تبدل کردی ہے۔ اُس پاسٹر کی بابرکت منسٹری کی یوگنڈا میں بہت زیادہ قدرکی نظر سے دیکھی جاتی ہے۔ اپنی بے حد مصروفیت کی وجہ سے یہ پاسٹر مختلف اداروں، جیسا کہ سکولز، ریڈیو سٹیشنز، کلیساؤں اور دیگر جگہوں سے آنے والے دعوت ناموں میں بڑی مشکل سے شرکت کر پاتا ہے۔ خُدا تیار شدہ برتنوں کا استعمال کرتا ہے (2 تیمتھیس 2: 20، 21 آیت۔

غور سے سنیں: کوئی بھی صورتحال قادر مطلق خدا کی زبردست طاقت کے آگے ناممکن نہیں ہے۔ اُس کی شفقت ابدی ہے۔ ایسی کوئی بھی صورتحال نہیں جسے خُداوند خُدا تبدیل نہیں کر سکتا، صورتِ حال چاہے کتنی بھی گمبھیر کیوں نہ ہو۔

خدا کے ساتھ قربت کے دو انداز ہیں، اُسکا اور آپکا۔ اپنا کردار ادا کریں اور پھر دیکھیں کہ خدا آپ کو کیسے حیران کر دیتا ہے۔

جیسے ہی آپ ایک بڑا قدم اٹھائیں، تو میں پولس رسول کی دعا کو اپنے لیے دُھرانا چاہوں گا۔

" اِس سبب سے مَیں اُس باپ کے آگے گُھٹنے ٹیکتا ہُوں۔ جِس سے آسمان اور زمِین کا ہر ایک خاندان نامزد ہے۔ کہ وہ اپنے جلال کی دَولت کے مُوافِق تُمہیں یہ عِنایت کرے کہ تُم اُس کے

رُوح سے اپنی باطِنی اِنسانِیّت میں بُہت ہی زور آور ہو جاؤ۔ اور اِیمان کے وسِیلہ سے مسِیح تُمہارے دِلوں میں سکُونت کرے تاکہ تُم مُحبّت میں جڑ پکڑ کے اور بُنیاد قائِم کر کے۔ سب مُقدّسوں سمیت بخُوبی معلُوم کر سکو کہ اُس کی چَوڑائی اور لمبائی اور اُونچائی اور گہرائی کِتنی ہے۔ اِفسِیوں 3:14-18 آیات، اور تُمہارے دِل کی آنکھیں رَوشن ہو جائیں تاکہ تُم کو معلُوم ہو کہ اُس کے بُلانے سے کَیسی کُچھ اُمّید ہے اور اُس کی مِیراث کے جلال کی دَولت مُقدّسوں میں کَیسی کُچھ ہے۔ اِفسِیوں 1:18 آیت"

میری دُعا ہے کہ آج جب آپ خُداوند خُدا کے ساتھ اپنے سفر کا آغاز کرتے ہیں تو خُداوند خُدا آپکو برکت دے۔ میں اپنی یہ دُعا اُس قیمتی اور سب سے طاقتور نام میں کرتا ہوں جو بادشاہوں کا بادشاہ، خُداوندو کا خُدا، ہمارا نجات دہندہ اور ہمارا کاہنِ اعظم، یسوع مسیح، ہمارا نجات دہندہ ہے۔ آمین

سچ کو اپنےتک محدود نہ رکھو۔"
اِسے دوسروں کے ساتھ شیئر کرو

Publications Available

Tracts:

An Urgent Call to a Journey of Personal Intimacy with God
(The Only Solution to Our Problems)
Eternal Security of the Believer *(English & Spanish)*
God Speaks Through Storms
Riding the Death Train
(A Message of Hope) *(English & Spanish)*
Shower of Christian Love
Who Are You?

Books:

Biblical Doctrine of Salvation
Comfort in Suffering
David, A Symphony of God's Grace
Disaster: God's Warning Bell
Focus on Christian Marriage
Forgiveness by Confession Alone
Giving, An Integral Part of Worship
God's Plan after Salvation *(English & Spanish)*
James: Faith Without Works is Dead
(An Urgent Call to Practical Christianity)
Joseph, A Pillar of Grace
Overview of God's Grace

Paul, a Trophy of God’s Grace
Power of Prevailing Prayer
(Exploring 18 Hindrances to Prayer)
Signs & Wonders
(A Biblical Reply to the Claims of Modern Day Miracle Workers)
The Spiritual Gift of Tongues
(A Biblical Response to Modern Day Tongues)

What is the Spiritual Life?

"بلکہ ہمارے خُداوند اور مُنّجی یِسُو ع مسِیح کے فضل اور عِرفان میں بڑھتے جاؤ ۔ اُسی کی تمجِید اب بھی ہو اور ابد تک ہوتی رہے ۔ آمِین۔" 2 پطرس 3: 18 آیت

ہماری یہ کتاب یا لسٹ میں دی گئی دیگر کتابوں کو حاصل کرنے کے لیے، برائے مہربانی گریس اونجلیکل کو تحریر ارسال کریں، یا ای کتابوں کو ڈاون لوڈ کریں، ہماری ویب سایٹ پر یہ کتابیں فری دستیاب ہیں۔

Grace Evangelistic Ministries

بائبل مقُدس پر مبنی غیر فرقہ وارانہ مشنری تنظیم ہے۔ ہم خدمت مہیا کرنے والے ہیں۔ جی ای ایم کی بنیاد 1997 میں **موسیٰ سی. اونوبیکو** نے رکھی۔

بائبل مقُدس کا پرچار ہمارا بنیادی مقصد ہے اور ہم **یسوع مسیح کے فضل کی خوشخبری** کو دنیا کے کسی بھی حصے میں پہنچاتے ہیں جہاں خدا دروازہ کھولتا ہے۔

جی ای ایم اُن لوگوں کو اونجیلائز کرتے ہیں جو ابھی بھی گُمہراہی میں ہیں، پاسٹرز کو تعلیم یافتہ بنانا اور ایمانداروں کی حوصلہ افزائی کرنا شامل ہے۔

رَیورنڈ موسیٰ نے دنیا کے 100 سے زیادہ ممالک میں پیغامات دیے ہیں، جن میں افریقہ، ایشیا (مشرق وسطیٰ سمیت)، آسٹریلیا، یورپ اور شمالی و جنوبی امریکہ شامل ہیں۔ انہوں نے بہت سی کتابیں اور غُنچے شائع کیے ہیں جو بلا معاوضہ تقسیم کیے جاتے ہیں۔

گاسپل ٹریکٹ (کتابچہ) رائیڈنگ دی ڈیتھ ٹرین، اِس کتاب کا ترجمہ بہت ساری زبانوں میں ہو چُکا ہے دنیا بھر میں اِس کتاب کو بے حد پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔

کیا آپ کسی پریشانی کا شکار ہیں؟ کیا آپ خود کو منجمند یا رکا ہوا محسوس کرتے ہیں؟

ہم نے چرچ کو سیاست اور کاروبار بنایا ہُوا ہے اور خُدا کو نظر انداز کرتے ہیں، تو پھر حیران ہوتے ہیں کہ ہماری زندگی خراب کیوں ہے۔ یہ چھوٹا سا کتابچہ آپ کی راہنمائی کرے گا کہ آپ خُدا کے ساتھ گہری رفاقت برقرار رکھیں اور آپکی معاونت کرئے گا کہ آپ خُدا کی اِنگنت برکتوں کے راستے پر گامزن رہیں۔
اپنے سفر کا آغاز آج ہی کریں۔